عینک فریبی

زبان میری ہے بات اُن کی

- یہودیت وعیسائیت مخالف مواد کو شامل نصاب کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔اگر شامل ہے تو اسے تبدیل کر دیں گے۔
(وفاقی وزیر تعلیم جاوید اشرف قاضی)
- قرآن مجید سے نکالنا ہمارے بس میں نہیں ورنہ وہاں بھی نہ رہنے دیتے۔
- قرآن کو غلطیوں سے پاک نہیں' محض تاریخی دستاویز سمجھا جائے۔(سلمان رشدی)
- رات کے تاریک سناٹے کی پیداوار لوگ پینا پلانا، ہنہنانا، منمنانا چھوڑ دیں
- غیر ملکی دینی طلباء کو ملک بدر کر دیا جائے گا۔آئندہ ویزہ نہیں دیں گے۔(صدر پرویز)
- سکولوں اور کالجوں میں تو لکھا ہوا ہے کہ ''علم حاصل کرو چاہے تمہیں چین جانا پڑے''۔
- پاکستان ایسا کن ٹوٹا پہلوان ہے جسے ہر واردات کے بعد تھانے طلب کیا جاتا ہے۔تھانیدار کو یقین ہوتا ہے کہ یہ کن ٹوٹا واردات میں ملوث نہیں تب بھی اسے یہ ضرور پتا ہوگا کہ واردات کس نے کی ہے۔(بی بی سی)
- بلاتبصرہ!
- کابینہ میں مزید خواتین کو شامل کرنے پر غور کر رہے ہیں۔(وزیراعظم شوکت عزیز)
- مختار مائی کو وزیر امور انسانی حقوق بنا دیا جائے۔
- تین مرتبہ مُلا عمر سے ملا۔بتوں کو نہ توڑنے کا مطالبہ کیا۔(معین حیدر)
- ملا عمر کی آخرت کی کامیابی کے لیے معین حیدر کی گواہی کافی ہے۔
- انتہا پسندی، دہشت گردی اور عسکریت پسندی' افغان جہاد کا نتیجہ ہے۔(مشاہد حسین)
- اور افغان جہاد......؟
- کلچر اور مذہب کو ملانے والوں کو اُن کے خیالات مبارک! ہم خوشیاں مناتے رہیں گے۔(صدر پرویز)
- مگر علامہ اقبالؒ تو کہتے ہیں:

جلال بادشاہی ہو کہ جمہوری تماشا ہو
جدا ہو دیں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

- کتاب ''شیطان مولوی'' کے مصنف محمد یونس شیخ کو عمر قید کی سزا اور ایک لاکھ روپے جرمانہ۔(ایک خبر)
- ایسے ہی شیخ کے بارے میں شاعر نے کہا ہے:

شیخ اور شیطان کا رتبہ ایک ہے
شیخ سے شیطان قدرے نیک ہے